© rasailojaraid.com

**طریق السالکین** (شرح اردو ریاض الصالحین) مؤلف : مولانا ساجد الرحمان صدیقی صاحب، ناشر : دارالاشاعت اردو بازار کراچی۔

مولانا ساجد الرحمان صدیقی صاحب ''دارالعلوم ٹنڈوالہ یار'' کے فاضل اور مشہور معروف دینی درسگاہ جامعہ دارالعلوم کراچی میں شعبہ تخصص فی الدعوہ والارشاد کے رئیس ہیں، وقت کے جید اور ممتاز علمائے کرام سے انہیں شرف تلمذ حاصل ہے، جن میں مولانا لطافت الرحمانؒ، مولانا عبدالرشید نعمانیؒ، حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ اور علامہ ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کے نام شامل ہیں، وہ بیرون ملک بعض ملائشین یونیورسٹیوں میں حدیث وفقہ اور اسلامی قانون کی تدریس کے فرائض بھی سرانجام دے چکے ہیں۔ ''طریق السالکین'' کے نام سے حدیث کی مشہور کتاب ''ریاض الصالحین'' کی یہ شرح انہوں نے تالیف فرمائی ہے، بیک ٹائٹل پر کتاب کا تعارف ان الفاظ میں پیش کیا گیا ہے۔

''علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ شارح مسلم کی تصانیف میں ''ریاض الصالحین'' کو ہر زمانہ میں قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے جوامر بالمعروف، نہی عن المنکر، اصلاح خلق سے متعلق آیات اور 1900 منتخب احادیث کا مجموعہ ہے جس میں دنیا سے بے رغبتی کا سبق، نفس کو اعمال صالحہ پر ابھارنے کا سامان، اخلاق وکردار کو سنوارنے اور دلوں کی صفائی اور تمام باطنی امراض سے نجات، ان کے علاج، انسانی اعضاء کو گناہوں سے بچانے اور ان کی کجی کو دور کرنے کے سبب کا بیان ہے............

زیر نظر کتاب ''طریق السالکین'' حضرت مولانا ساجد الرحمٰن بن مولانا محمد اشفاق الرحمٰن صاحب شارح مؤطا امام مالک کی تحریر فرمائی ہوئی اردو زبان میں ''ریاض الصالحین'' بہت وقیع اور مبسوط شرح ہے، جس میں سلیس اردو ترجمہ، کی تفصیلی عنوانات، حل لغات، تخریج، شرح حدیث اور جامع اسلوب کے ساتھ ساتھ فضائل، ظاہری و باطنی آداب، ترغیب وترہیب اور مقاصد سالکین جیسے مضامین کا تفصیلی بیان ہے۔ حدیث سے مستنبط ہونے والے فقہی مسائل کی وضاحت کردی گئی ہے بالخصوص فقہ حنفی کے متبعین کو جہاں کہیں الجھن پیش آسکتی تھی موقع بموقع اس کی بھی وضاحت کردی گئی ہے۔ نیز علم حدیث پر ایک مختصر اور جامع مقدمہ بھی شامل کتاب ہے۔ درس وتدریس، وعظ و نصیحت، دعوتی حلقوں، علمی مذاکروں اور علماء وطلباء وطالبات کے لئے یکساں مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شرح کو امت کے لئے نافع اور ہمارے لئے ذریعہ نجات بنائے۔''

''ریاض الصالحین'' کی یہ شرح تین ضخیم جلدوں پر پھیلی ہوئی ہے، جلد اول 776 صفحات، جلد دوم 710 صفحات اور جلد سوم 680 صفحات پر مشتمل ہے۔ کتاب کی ابتداء میں شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی تقریظ بھی شامل ہے، جس میں انہوں نے کتاب کی ترتیب وتالیف میں کی گئی محنت وسعی کو سراہا ہے، امید ہے کہ اہل علم اس سے استفادہ کی کوشش کریں گے، کتاب کی طباعت واشاعت اچھی اور جلد بندی مضبوط ہے، یہ کتاب مکتبہ دارالاشاعت کراچی سے چھپی ہے۔

© rasailojaraid.com